# اتحاد تنظیمات مدارس کا اعلامیہ

اپریل 2009 کو اتحاد تنظیمات مدارس کا اسلام آباد میں اجلاس ہوا
جس کے بعد ایک اعلامیہ جاری کیا گیا جو نذر قارئین ہے

آج 9 اپریل 2009 اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان کا اجلاس مولانا سلیم اللہ خان کے زیر صدارت اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جو ارکان شریک ہوئے ان کے اسمائے گرمی یہ ہیں حضرت مولانا شیخ سلیم اللہ خان صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان، مفتی منیب الرحمٰن صدر تنظیم المدارس پاکستان، قاری محمد حنیف جالندھری ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان، ڈاکٹر سرفراز نعیمی ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس، سینیٹر علامہ ساجد میر صدر وفاق المدارس السلفیہ پاکستان، قاضی عبد الرشید ناظم وفاق المدارس العربیہ پاکستان، مولانا عبد الجلیل نقشبندی رابطہ المدارس الاسلامیہ، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن رابطہ المدارس الاسلامیہ پاکستان، مولانا غلام محمد سیالوی ناظم امتحانات تنظیم المدارس پاکستان، سید نیاز حسین نقوی نائب صدر وفاق المدارس الشیعہ

اجلاس میں ایک اعلامیہ کی منظوری دی گئی جو حسب ذیل ہے:

پاکستان اس وقت داخلی اور خارجی طور پر سنگین مسائل سے دو چار ہے اور اپنی تاریخ کے ایک ہمہ گیر دورِ ابتلاء سے گزر رہا ہے۔ اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ کی قیادت کو حالات کی نزاکت اور حساسیت کا بخوبی احساس ہے۔ ہمارا اتحاد چاہتا ہے کہ ہر طبقۂ فکر اور پوری قوم متحد و منظم ہو کر ان مشکلات کا مقابلہ کرے اور جماعتی اور گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر ملک کی بقاء و سالمیت کے لئے اپنا بھر پور کردار ادا کرے۔ دینی مدارس کا بنیادی مشن اکیڈمک، تعلیمی، تربیتی اور دعوتی ہے اور ان مدارس اور جامعات نے کبھی بھی پاکستان کے لئے کوئی مشکلات پیدا نہیں کیں۔ اس کے برعکس ہر حکومت کی جانب سے دینی مدارس اور جامعات کے لئے مشکلات پیدا کی گئیں۔

ہماری خواہش ہے کہ موجودہ جمہوری سیٹ اپ ملک کے نظام کو کامیابی سے چلائے اور پوری قوم لی تائید وحمایت سے بیرونی دباؤ کا مقابلہ کرے۔ حال ہی میں وفاقی کابینہ نے دینی مدارس کوقومی دھارے میں لانے، ان کے نصاب میں تبدیلی لانے اور عصری مضامین کوشاملِ نصاب کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ہم حکمت کو یہ باور کرانا چاہتے ہیں کہ یہ سابق حکومت کے ایجنڈے کا تسلسل ہے۔

الحمدللہ! ہم قومی دھارے میں شامل ہیں، قوم سے ہمارا رابطہ کسی بھی دوسرے شعبے سے زیادہ مستحکم اور براہِ راستہ ہے، ہمیں اپنے دینی نصاب کے لئے کسی رہنمائی یا گائیڈ لائن کی ضرورت نہیں ہے۔ کمپیوٹر کی تربیت اور عصری مضامین پہلے ہی ہمارے نصاب کا حصہ ہیں۔

حالیہ حکومتی اعلان کے بعد بعض ایجنسیوں کے افراد نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور ملک کے بعض دیگر علاقوں میں سروے فارم تقسیم کرنے شروع کیے ہیں۔ ہم اس طریقہ کار کو مسترد کرتے ہیں اور اپنی تنظیمات سے ملحق مدارس کو ہدایت کرتے ہیں کہ وہ یہ فارم ہرگز وصول نہ کریں۔

ہم صدرِ پاکستان اور وزیرِاعظم پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اتحادِ تنظیمات مدارس دینیہ کے ساتھ سابق حکومت نے جن امور پر اتفاق کیا تھا ان کی پاسداری کی جائے۔ مدارس کے بارے میں کسی بھی قسم کی معلومات ان کی تنظیمات کے توسط سے حاصل کی جائیں۔

ہماری تنظیمات کو امتحانی بورڈ کا درجہ دینے کا جو وعدہ سابق حکومت نے کیا تھا اور جس میں کافی پیش رفت ہو چکی تھی، اسی سلسلے کو از سرِ نو مکمل کیا جائے۔ اور اس سلسلے میں صدرِ پاکستان اور وزیرِاعظم پاکستان ہمارے ساتھ باقاعدہ اجلاس کا اہتمام کریں تاکہ بیوروکریسی کی ریشہ دوانیوں اور رکاوٹوں سے بچ کر مسائل کا حل نکالا جائے۔

ہم ایک بار پھر حتمی اور قطعی طور پر یہ قرار دیتے ہیں کہ مدارس کی حریتِ فکر وعمل کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا اور کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت قبول نہیں کی جائے گی اور ہر دباؤ کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم یہ بھی یقین دلاتے ہیں کہ ہمارے مدارس ہمیشہ کی طرح امن وسلامتی کا گہوارہ رہیں گے اور ہم تنظیمات کی سطح پر پاکستان کی جماعتی سیاست کا حصہ نہیں بنیں گے۔ اتحادِ تنظیمات مدارس نے ملک گیر رابطے کو منظم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں ہم وفاقی، صوبائی اور ڈویژنل سطحوں پر کنونشنز منعقد کریں گے اور اس کا آغاز اسلام آباد سے 29 اپریل 2009 کو دارالعلوم اسلام آباد میں ہوگا۔

اسلام آباد کے کنونشن کے لئے ایک رابطہ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ جس کے ارکان حسبِ ذیل ہیں:

قاضی عبدالرشید کنونیئر، حافظ اسحاق ظفر ڈپٹی کنونیئر جبکہ دیگر اراکین میں مولانا ظہور احمد علوی، مولانا محمد نذیر فاروقی (وفاق المدارس العربیہ) مفتی محمد اقبال نعیمی (تنظیم المدارس) مولانا عبدالجلیل نقشبندی، مولانا خالد حسین

(رابطہ المدارس الاسلامیہ) مولانا عبدالعزیز حنیف، سید عتیق الرحمٰن شاہ (وفاق المدارس السلفیہ) سید محمد باقر شیرازی، راجہ ناصر عباس (وفاق المدارس شیعہ) شامل ہیں۔

پاکستان چونکہ اسلامی نظام کے قیام کے لئے عمل میں آیا ہے اور ہم آئینی طور پر قرآن وسنت کے مطابق نظامِ قانون بنانے اور نافذ کرنے کے پابند ہیں۔ اس لئے ہم سوات اور مالاکنڈ سمیت پورے ملک میں نفاذِ شریعت اور اسلامی نظام عدل کے مطالبے کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم نفاذِ شریعت کے مقدس نام پر مدارس، مساجد اور مزارات اور امام بارگاہوں پر حملے، قبضے اور علماء کی شہادت اور انہیں اپنے علاقوں سے ہجرت پر مجبور کرنے کی مذمت کرتے ہیں۔ ہم پاکستان کے کسی بھی حصے میں دہشت گردی کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس سلسلے میں خارجی عوامل اور داخلی شر پسند عناصر کو بے نقاب کرے اور قانون کے مطابق ان کے خلاف کاروائی کی جائے۔ ہم ایک بار پھر قرار دیتے ہیں کہ اسلام انسان کی جان، مال اور آبرو کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے اور بے قصور انسانوں کی جان، مال وآبرو کی حرمت کی پامالی اسلام، قانون اور انسانیت کی مسلمہ اقدار کے خلاف ہے۔

☆☆☆

# ضروری اعلان

★ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی نئی نصاب کمیٹی تشکیل دی جارہی ہے۔ جملہ جامعات/مدارس کی انتظامیہ سے درخواست ہے کہ اپنے جامعہ/ مدرسہ کے تجربہ کار اساتذہ کرام کے نام ارسال کرنا چاہیں تو ۲۰/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۰ھ تک ارسال کرسکتے ہیں تاکہ نصاب کمیٹی میں شمولیت کیلئے ان پر بھی غور کیا جاسکے۔

★ بنات کے چار سالہ نصاب کو از سر نو مرتب کرنے کیلئے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی نصاب کمیٹی اس پر غور کرے گی۔ آپ حضرات اس سلسلہ میں اگر کوئی تجویز ارسال کرنا چاہیں تو ۲۰/

جمادی الاولی ۱۴۳۰ھ تک ارسال کر سکتے ہیں تا کہ نصاب کمیٹی میں اِن پر بھی غور کیا جاسکے۔ خیال رہے کہ مجلس عاملہ اور شوریٰ کے حالیہ اجلاس منعقدہ ۱۱،۱۲ ربیع الثانی ۱۴۳۰ھ مطابق ۸،۹ اپریل ۲۰۰۹ء میں بنات کے نصاب تعلیم کا دورانیہ چھ سالہ منظور کیا گیا ہے۔

★ دراسات دینیہ کا تین سالہ نصاب تبدیل کر کے دو سالہ کر دیا گیا ہے اس سلسلہ میں اگر آپ اپنی کوئی تجویز ارسال کرنا چاہیں تو ۲۰/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۰ھ تک ارسال کر سکتے ہیں تا کہ نصاب کمیٹی میں ان پر بھی غور کیا جاسکے۔

اجلاس سپریم کونسل اتحاد تنظیمات مدارس

| نمبر شمار | اسم گرامی | پتہ | عہدہ | فون نمبرز |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب | | صدر وفاق المدارس العربیہ | 4571132<br>4570333 |
| ۲ | مولانا قاری محمد حنیف جالندھری | | ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ | 0300-6329700 |
| ۳ | مفتی منیب الرحمٰن | دارالعلوم نعیمیہ کراچی | صدر تنظیم المدارس پاکستان | 0300-9285203 |
| ۴ | پروفیسر ساجد میر | | صدر وفاق المدارس السلفیہ | 0300-8416696 |
| ۵ | مولانا قاضی عبدالرشید | | ناظم وفاق المدارس العربیہ | 0300-5121713 |
| ۶ | مولانا عبدالجلیل نقشبندی | | رابطہ المدارس | 0331-5204973 |
| ۷ | ڈاکٹر عطاء الرحمٰن | | رابطہ المدارس الاسلامیہ پاکستان | 0300-9176020 |
| ۸ | مولانا غلام محمد سیالوی | | ناظم امتحانات تنظیم المدارس | 0300-2122989 |
| ۹ | سید نیاز حسین نقوی | | وفاق المدارس شیعہ | 0300-4132218 |
| ۱۰ | ڈاکٹر محمد سرفراز | | ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس | 0300-8194405 |

☆☆☆